# 21-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱) ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ دو بدو پروگرام کا مقصد عوام کی رائے کو سمجھنا اوران کے مسائل حل کرنا ہے۔

۲) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل حیدرآباد میں لوک منتھن کا افتتاح کریں گی۔ وہ دو روزہ دورہ پر آج شام حیدرآباد پہنچ رہی ہیں۔

۳) وزیر صنعت وتجارت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت گزشتہ کئی برسوں کے دوران حاصل کردہ اعتماد کی وجہ سے دنیا کا گروتھ انجن بن گیا ہے۔

۴) کالیشورم لیفٹ آبپاشی پراجکٹ کی تعمیر میں مبینہ کوتاہیوں کی تحقیقات کررہے عدالتی کمیشن کے سربراہ ریٹائرڈ جسٹس پی سی گھوش کل تحقیقات کی دوبارہ شروعات کریں گے۔

☆☆☆

ایڈیشنل جنرل آف پولیس وی وی سرینواس راؤ نے کہا ہے کہ ایمانداری، نظم وضبط اور لگن موثر پولیس سروس کی بنیادیں ہیں۔ انہوں نے آج اسٹائی فنڈری کیڈیٹ ٹرینی پولیس کانسٹبل کی ساتویں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ زیر تربیت پولیس کانسٹبلس کو پیشہ وارانہ مہارت اور پوری لگن کے ساتھ قانون کے نفاذ کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ٹریننگ فراہم کی گئی۔ سائبرآباد کے پولیس کمشنر اویناش موہنتی نے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لئے نظم وضبط اور پیشہ واریت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک غلط بھی پولیس فورس کی ساکھ کو متاثر کرسکتی ہے۔

☆☆☆

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے آج حیدرآباد کے شلپا کلاویدکا میں لوک منتھن 2024ء کے حصہ کے طور پر ایک کلچرل نمائش کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد ہندوستانیوں کے ذہنوں کو نوآبادیاتی طرزِ فکر سے آزاد کرانا اوران میں ملک کی ثقافت، اس کے ورثے، موسیقی اور رقص کے تئیں فخر کا احساس پیدا کرنا ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی بھی موجود تھے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل لوک منتھن 2024ء کا افتتاح کریں گی۔ پرجنا پراوا کی جانب سے منعقدہ اس پروگرام میں مختلف موضوعات پر مباحث اور ثقافتی سرگرمیاں ہوں گی۔ چار دن تک منعقد کئے جانے والے اس پروگرام میں مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن، آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت اور دیگر شخصیتیں شرکت کریں گی۔ اِس پروگرام میں بیرون ملک کے مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ اس پروگرام کے افتتاح کے لئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام حیدرآباد پہنچ رہی ہیں۔

☆☆☆

3 دسمبر کو معذورین کے عالمی دن کے سلسلہ میں ونپرتی کے ڈسٹرکٹ ویلفیر ڈپارٹمنٹ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول، اسپورٹس گراؤنڈ پر معذورین کے لئے کھیل کود کا ایک مقابلہ منعقد کیا۔ اس پروگرام میں ضلع کلکٹر سورابھی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ معذورین کا عزم اور حوصلہ اوران کی خوداعتمادی سے سب کو سبق لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویلفیر ڈپارٹمنٹ ضلع میں معذورین کے لئے پیرااولمپکس کے خطوط پر اسپورٹس مقابلے منعقد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم معذورین کے موقع پر فاتح اتھلیٹس اوران مقابلوں میں شرکت کرنے والے تمام افراد کو انعامات دئے جائیں گے۔

☆☆☆

کالیشورم لیفٹ آبپاشی پراجکٹ کی تعمیر میں مبینہ کوتاہیوں کی تحقیقات کررہے عدالتی کمیشن کے سربراہ ریٹائرڈ جسٹس پی سی گھوش کل تحقیقات کی دوبارہ شروعات کریں گے۔ وہ آج حیدرآباد پہنچے۔ اِس مرحلہ میں وہ سینئر عہدیداروں کے رول پر توجہ مرکوز کریں گے۔ اِن میں بیرجس کی تعمیر سے متعلق منظوری سے جڑے چند سینئر آئی اے ایس عہدیدار بھی شامل ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس کے لیڈر اور سابق وزیر ہریش راؤ نے کسی کسان کی زمین یا آبپاشی کی زمین یا کسی سرکاری اراضی پر قبضہ کی تردید کی ہے۔ وہ چیف منسٹر کے اس الزام کا جواب دے رہے تھے کہ انہوں نے رنگا نائیکا ساگر پراجکٹ کے قریب زمین پر قبضہ کیا ہے۔ سنگاریڈی ضلع کے آندول منڈل کے مسان پلی میں ایک مندر کے افتتاح کی تقریب میں شرکت کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ انہوں نے کسانوں سے 13 ایکر زمین خریدی اور دھرنی کے ذریعہ اس کا رجسٹریشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوام کے شکوک وشبہات دور کرنے کے لئے سروے کرانے تیار ہیں۔ ہریش راؤ نے کہا کہ وہ اور بی آر ایس کانگریس حکومت سے اس وقت تک سوال کرنا نہیں چھوڑیں گے جب تک وہ 6 ضمانتوں پر عمل آوری نہیں کرتی۔

☆☆☆

پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت کمار سہگل نے کہا ہے کہ نئے او ٹی ٹی پلاٹ فارم کی شروعات کا مقصد نہ صرف ڈیجیٹل شعبہ میں صحتمندانہ مواد فراہم کرنا ہے، بلکہ سماج کے تمام طبقات کے لئے مواد کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ سرکاری نشریاتی ادارہ پرسار بھارتی کے او ٹی ٹی پلاٹ فارم Waves کے افتتاح کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس پلاٹ فارم پر دوردرشن کے وہ تمام پروگرام پیش کئے جائیں گے جو کئی لوگوں میں اپنے بچپن نہ دیکھے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس پلاٹ فارم پر ثقافتی ورثہ سے متعلق علاقائی پروگرام بھی شامل ہیں۔ پرسار بھارتی کے سی ای او گورو دیویدی نے کہا کہ اس او ٹی ٹی پلاٹ فارم کا مقصد زیادہ سے زیادہ ناظرین تک رسائی ہے۔

☆☆☆

دنیا بھر میں آج یوم مچھلی پالن منایا جارہا ہے۔ ہر سال آج کے دن پائیدار مچھلی پالن کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے مختلف پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر آبی ماحول اور ماہی گیر طبقات کے روزگار کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا جاتا ہے۔ اس سال یوم مچھلی پالن کا موضوع انڈیا بلو ٹرانس فارمیشن ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر مچھلی پالن راجیو رنجن سنگھ نے کہا کہ مچھلی کی پیداوار میں سمندری علاقہ کے مقابلہ زمینی علاقہ پر ماہی گیری کا بڑا حصہ ہے۔

☆☆☆

وزیر صنعت وتجارت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت گزشتہ کئی برسوں کے دوران حاصل کردہ اعتماد کی وجہ سے دنیا کا گروتھ انجن بن گیا ہے۔ دہلی میں فکی کے سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت اور بھارتی تجارت عالمی سطح پر تجارتی نظام کا حصہ بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی تاجر بے شمار عالمی کمپنیوں کے قابل اعتماد شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو یہ درجہ حکومت کی مسلسل کوششوں سے حاصل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف شعبوں کے لئے اسکیموں اور اقدامات کے ساتھ اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پیوش گوئل نے صنعتی نمائندوں سے کہا کہ وہ نئی سوچ اور تحقیق کے ماحول کو پروان چڑھائیں۔

☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ عوامی حکومت عوام کے ساتھ تبادلہ خیال کرتی ہے اور ان کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے تاکہ ان کی شکایتیں دور کرسکیں۔ کانگریس کے دفتر گاندھی بھون میں عوام اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ دوبدو پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ اور وزرا عوام کی رائے کو سمجھنے اور ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اس پروگرام میں شرکت کرر ہے ہیں۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت تعلیم اور صحت پر خاص توجہ دے رہی ہے۔ غریب طلبہ کو عالمی درجہ کی تعلیم فراہم کرنے کے لئے ینگ انڈیا اینٹی گریٹیڈ اقامتی اسکول قائم کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے وعدہ کے مطابق حکومت نے ایک سال کے اندر 50ہزار جائیدادیں پُر کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت خواتین کو ہر سال 25ہزار کروڑ روپے کے بلاسودی قرضے فراہم کررہی ہے۔ 5 سال میں خواتین کو ایک لاکھ کروڑ روپے کے قرضے فراہم کئے جائیں گے۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے ایمپلائز پروویڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ آدھار پر مبنی او ٹی پی کے ذریعہ ملازمین کے لئے یونیورسل اکاؤنٹ نمبر کے ایکٹیویشن کو یقینی بنائے۔ لیبر اور ایمپلائمنٹ کے محکمہ نے ای پی ایف او کو ہدایت دی ہے کہ وہ روزگار سے جڑے ترغیبی اسکیم سے زیادہ سے زیادہ مالکین اور ملازمین کو فائدہ پہنچانے کے لئے مالکین کے ساتھ مل کر کام کرے۔ اس اسکیم کا اعلان مرکزی بجٹ 25-2024ء میں کیا گیا تھا۔ وزارت نے بتایا کہ پہلے مرحلہ میں آجرین کے لئے ضروری ہے کہ وہ جاریہ مالی سال کے دوران بھرتی کئے گئے ملازمین کے لئے اس مہینہ کی 30 تاریخ تک آدھار پر مبنی او ٹی پی کے ذریعہ یو اے این کے ایکٹیویشن کے عمل کو مکمل کریں۔ آجرین کو اس کے بعد دیگر تمام ملازمین کے یو اے این ایکٹیویشن کو مکمل کرنا ہوگا۔

☆☆☆

اعلیٰ تعلیم کے سابق سکریٹری کے سنجے مورتی نے آج صبح دہلی میں کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل آف انڈیا کی حیثیت سے حلف لے لیا۔ راشٹر پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انہیں حلف دلایا۔ وہ گریش چندر مرمو کی جگہ لیں گے جنہیں اگست 2020ء میں سی اے جی مقرر کیا گیا تھا۔